تعلیم وتربیت (چالیس روزہ دینی واخلاقی تربیتی کورس)

ادارہ

باسمہٖ تعالیٰ

محترم جناب امام صاحب ومعزّز اراکین مسجد کمیٹی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم اور آپ سب سے امت کی صلاح وفلاح کا کام لے، آمین!

دینِ اسلام ہماری ضرورت ہے، بقدرِ ضرورت دینی احکام جاننا ہر مسلمان پر فرض ہے اور بعض مسلمانوں پر سرپرست ہونے کے ناطے اپنے بچوں اور ماتحتوں کو دین کے ضروری احکام سے آگاہ کرانے کا فریضہ بھی عائد ہوتا ہے، اور دیگر فرائض کی طرح اس فریضہ کی کوتاہی پر بھی باز پرس ہوگی۔ عام طور پر اس فریضہ کا احساس ہی نہیں یا پھر ہمارا نظام الاوقات اس سلسلہ میں رکاوٹ ہے اور ہم چاہت وحسرت کے باوجود اس کے لیے وقت نہیں نکال سکتے۔ بالخصوص ہمارے نونہال بچوں کی دینی تعلیم وتربیت کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے جو ذمہ داری ہم پر عائد ہوتی ہے کماحقہ اسے پورا نہیں کرتے۔ یہ واضح ہے کہ اولاد کی ضروری تعلیم وتربیت کا حق ادا کرنے کی کوشش نہ کی تو یہ بچوں کے ساتھ زیادتی کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی حکم عدولی بھی ہوگی۔ اس نزاکت اور ضرورت کے تحت سالانہ تعطیلات (جون جولائی) میں سکول وکالج میں زیرِ تعلیم طلباء کی دینی واخلاقی تربیت کے لیے مختلف مساجد میں گزشتہ چند سالوں سے چالیس روزہ کورس کا اہتمام کیا جارہا ہے، حوصلہ افزا کامیابی، مفید ثمرات اور مسلمان بچوں کے شوق ورغبت کو دیکھتے ہوئے یہ ازحد مفید سمجھتے ہیں کہ اس سلسلہ کو جتنا وسیع کیا جائے بہتر ہے۔

اس لیے ہماری آپ سے خیر خواہانہ درخواست ہے کہ آپ بھی اپنی مساجد میں اس طرح کے کورس کا اہتمام فرمائیں۔

شکریہ!